# تعلیم وتربیت

حضرت ڈاکٹرمفتی نظام الدین شامزی رحمۃ اللہ علیہ
سابق شیخ الحدیث ومشرف تخصصِ فقہِ اسلامی، جامعہ

## چالیس روزہ دینی واخلاقی تربیتی کورس

بچوں کی ایسی تعلیم وتربیت جس سے وہ باعمل مسلمان بن جائیں، والدین کے فرائض میں شامل ہے۔قرآن کریم میں سورۂ لقمان میں بیان کردہ ترتیب سے معلوم ہوتا ہے کہ بچوں کی تعلیم وتربیت کا منہج اس طور پر ہونا چاہیے: ۱-عقیدہ کی تربیت، ۲-اعمال کی تربیت، ۳-ادائیگیِ حقوق کی تربیت، ۴-عام معاشرتی اورانسانی آداب کی تربیت۔ان مراحلِ تربیت سے گزرنے کے بعدایک مسلمان بچہ ان شاء اللہ ایک باعمل مسلمان ثابت ہوگا۔

ہمارے تعلیمی اداروں میں آج کل بچوں کی تربیت اور ذہن سازی سے عموماً غفلت برتی جاتی ہے، اللہ تعالیٰ نے ہمارے چند رفقاء کے ذہن میں یہ خیال پیدا فرمایا کہ بچوں کی تعلیم وتربیت کے لیے کچھ مؤثر انتظام ہونا چاہیے، اس سلسلہ میں ان حضرات کی کاوش سے اسکولز وکالجز کی سالانہ تعطیلات میں ان بچوں کے لیے چالیس روزہ دینی واخلاقی تربیتی کورس کا سلسلہ شروع کیا گیا ہے، اور صالح مسجد صدر سے شروع ہونے والا یہ سلسلہ کراچی، بلکہ پورے ملک میں مقبول ہوگیااورضرورت یہ محسوس ہوئی کہ اس سلسلہ کو منظم اورمرتب کیا جائے اوراس سلسلہ میں ہمارے جامعہ کے اساتذہ اورفضلاء نے بے حد کوشش فرمائی، یہ حضرات وقتاً فوقتاً اس سلسلہ میں مجھ سے بھی مشورہ فرماتے رہے، ان حضرات کی کوشش رنگ لائی اورتعلیم وتربیت کے نام سے ایک مختصراور جامع کتاب تیار کی گئی جو نہ صرف یہ کہ بچوں کی تربیت میں بنیادی کردارادا کرے گی، بلکہ تعلیمِ بالغان کے لیے بھی انتہائی مفید ثابت ہوگی، کیونکہ دین کی ابتدائی معلومات جوایک مسلمان کے لیےضروری ہیں اس کتاب میں موجود ہیں۔

بندہ دعا کرتا ہے کہ اللہ تعالیٰ ان حضرات کی اس خدمت کواپنے دربارِعالی میں قبول فرما کر ہدایت اور دنیاوآخرت کی کامیابیوں کا وسیلہ اورذریعہ بنائیں، آمین